Green Island Foundation School
(A Project of GIT®)

•Issue: 6 •January •Year 2018

# AKKAS عکّاس



## مجالس محرم الحرام عشرہ اوّل

''اگر تم کسی پر رونا چاہتے ہو تو حسین علیہ السلام پر گریہ کرو۔ ان کو اس طرح ذبح کیا گیا جس طرح گوسفند ذبح کیا جاتا ہے اور ان کے ساتھ اہلبیت علیہم السلام کے اٹھارہ افراد مارے گئے جن کی مثال دنیا میں کوئی نہیں ہے۔ پس ان کے ۔۔۔ جاری صفحہ نمبر 4

## DEDICATED To 12th IMAM ATFS




Shukar AlhamduLil...! 12th Annual Program and 2nd Convocation ceremony of GIFS was dedicated to our 12th Imam atfs, by making .... Cont. Pg. 13

## CONVOCATION



As last year, GIFS celebrated the remarkable achievement of its first passing out batch; This year too, we are excited to share the second .... Cont. Pg. 7

## ECD PICNIC



It's a great revelation for young minds to see their favourite animals live-up, close, and at a reachable distance. For this reason, a picnic .... Cont. Pg. 6

## Our Vision

To foster a stimulating learning environment which maximizes individual potential, caters academic, creative, personal, physical, moral and most importantly spiritual development & ensures that all students are nurtured to meet the challenges of world & hereafter.

### بسمہ تعالیٰ

السلام علیکم

جی جناب کیسے ہیں آپ سب۔

انشاءا......آپ سب یقیناً ٹھیک ہوں گے۔

بھئی اس بار کا سالانہ فنکشن تو بہت اچھا رہا۔ تمام بچوں نے زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ سب کو بہت بہت مبارک ہو۔

آپ کو یہ تو معلوم ہی ہے کہ اس سال کا یہ فنکشن ہمارا بارہواں فنکشن تھا اور اسی لئے اس کو ہم نے بارہویں امام یعنی امام زمانہ علیہ السلام سے منسوب کیا تھا۔ اسی بنیاد پر ہم نے اس شمارے کو بھی بارہویں امام علیہ السلام سے منسوب کیا ہے اور ہماری دعا ہے کہ خداوندِ عالم ہم سب کا نام مولا کے خدمت گزاروں میں شامل رکھے۔ آمین۔

ارے ہاں! فائنل امتحانات کی تیاریاں بھی تو شروع ہو چکی ہوں گی ناں!

دیکھیں بھئی سال کا یہ وقت بڑا اہم ہوتا ہے۔ اچھے سے، دل لگا کر اور محنت سے امتحانات کی تیاری کریں تاکہ آپ سب بہترین نمبروں سے کامیابی حاصل کریں۔ ہمیشہ یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ اچھے نمبر لینا جتنا ضروری ہے اس سے زیادہ ضروری اچھا انسان بننا بھی ہے۔ لہذا جب امتحانات کی تیاری کریں تو کوشش کریں کہ اپنے دوستوں کو بھی اچھی تیاری میں مدد دیں تاکہ وہ بھی آپ کی طرح اچھی کامیابی حاصل کرسکیں۔

حالی نے کیا خوب کہا تھا۔

یہی ہے عبادت یہی دین وایماں　　　کہ کام آئے دنیا میں انسان کے انسان

اور ہاں! اس بار تو انعامات بھی مل رہے ہیں ننھے لکھنے والوں کو۔

بھئی لکھیں اور خوب لکھیں۔ ہاں، اتنی گزارش ضرور ہے کہ انعام کے لئے نہ لکھیں بلکہ اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے لکھیں۔ ہم آپ کو امید دلاتے ہیں کہ ان شاءا......آپ کا لکھا ہوا ہر معیاری کام ضرور چھپے گا۔ چاہے آپ گرین آئی لینڈ میں ہونے والے کسی پروگرام کی رپورٹنگ کریں، کسی موضوع پر کوئی مضمون لکھیں، کوئی سبق آموز کہانی لکھیں، کوئی مزاحیہ تحریر لکھیں یا کچھ اور...بس شرط اتنی سی ہے کہ ایمانداری سے خود لکھیں۔

ہمیں بہرحال آپ کی تحریروں کا انتظار رہتا ہے۔

میری ہم سب کے لئے دعا ہے کہ ا......، اہلبیت اطہار علیہم السلام کے وسیلے سے ہم سب کو دنیا و آخرت کے ہر امتحان میں کامیاب کرے۔ آمین۔


آپکا اپنا ایڈیٹر






## ATTENDING $33^{RD}$ SPELT INTERNATIONAL CONFERENCE 2017

Teachers' training programs have always been a trademark of Green Island Foundation School. Like past years, this year too, teachers participated in $33^{rd}$ SPELT International Conference with great enthusiasm and motivation, for equipping themselves with modern teaching techniques and catering the needs of their students.





## WINTER VACATIONS

As per the convention, Green Island Foundation School announced winter break for the students from Dec 23, 2017 till Dec 31, 2017. Students were given interesting, activity based and enjoyable homework, which were specifically designed to utilize their break with learning and fun.

It was really interesting as the children enjoyed making cards from recycled materials, cutting, pasting & doing puzzles, taking out orange juice, presenting art work using Peanuts & enjoyed with family. Sharing their experiences was a unique feature of this Homework.

The idea was to motivate students to explore their surroundings and keep the family bonding stronger. On completion & submission of these types of fun loving winter activities on time, reward (certificate) was given to each student to appreciate their efforts, hard work & dedication towards homework.







## INTERNATIONAL KANGAROO SCIENCE CONTEST 2017

As per convention, GIFS has always encouraged the learning through participation of students in National and International competitions. International Kangaroo Science Contest is also one of them to nurture the needs and to develop the taste of Science. IKSC has a number of experts to design the set of questions to judge and to dig the young scientists. Every year students of GIFS participate in IKSC and Alhamdu Lil..., participation increased by more than 71% this year. The contest was held on $21^{st}$ September 2017. The total number of participation was 85, out of which, 43 appeared in Pre Ecolier level, 23 in Ecolier, 9 in Benjamin and 10 in Cadet. 6 students got Bronze medals, 14 got 2-Star badges and 21 succeeded with 1-Star badges. All of the winners were acknowledged by Agha Roohani in assembly of all three campuses and medal bearers were awarded again in $12^{th}$ Annual Program.

- In addition, GIFS students also participated in International Kangaroo Linguistic Contest, IKLC on $16^{th}$ Nov, 2017 and in International Bebras Informatics Contest IBIC on $7^{th}$ Dec, 2017. We hope to achieve good results in these competitions as well.

## POPCORN ACTIVITY:





After the mourning months of Moharram and Safar, 9th Rabiul-Awwal is a great day of happiness and celebration for a number of reasons and one of the most important is that our fourth Imam (a.s) smiled on this day after a long time. In order to celebrate this occasion. We planned an exclusive fun educational activity for our students the live popping "Popcorn Activity". The popcorn vendors displayed live popcorn preparation and the students got a chance to use their five senses actively to enjoy new learning experience in a fun way. The students were very excited and it turned out to be a fabulous indirect learning for our students. Kids were able to provide instant feedback, which helped them to learn and grow in self-knowledge. Students successfully learned a new skill, with healthy self-esteem development. We will continue arranging such events to make it memorable for our students.









# عزاداری

## مجالس محرم الحرام عشرہ اوّل

صفحہ نمبر 1 سے جاری ہے

قتل پر ساتوں آسمانوں اور زمینوں نے گریہ کیا۔" (امام رضاؑ بحارالانوار۔ جلد ۴۴)

گرین آئی لینڈ اسکول جہاں طلباء و طالبات کے لئے بہترین دنیاوی تعلیم کی فراہمی کا انتظام کر رہا ہے وہیں طلباء و طالبات کی روحانی تربیت کو بھی فریضہ اوّل سمجھتا ہے۔ اس عظیم مقصد کی تکمیل کے لئے گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی عشرہ مجالس اسکول کے تمام کیمپسز میں برپا کی گئیں جس کا مقصد طلباء و طالبات کے دلوں کو عشق حسینؑ سے پُر کرتے ہوئے اس بات کی ترغیب دلانا ہے کہ یہی عشق ہمارا سرمایہ حیات اور ضامنِ نجات ہے۔

ہر سال کی طرح اس سال بھی ماہ محرم کے اس عشرہ اوّل کے آغاز سے ہی اسکول کی درس گاہوں اور دیواروں پر سیاہ پٹیاں اور چادریں آویزاں کر کے سوگ کی فضا قائم کی گئی۔ طلباء و طالبات نے فرش عزا بچھانے، حدیث کساء، مرثیہ و نوحہ خوانی اور سینہ زنی کی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اس عشرہ اوّل کی آخری مجلس کے اختتام کے بعد طالبات میں علمِ مولا غازی عباسؑ اور تابوت امام حسینؑ اور طلباء میں جلوس عزا برآمد کرنے کی رسم کو انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ ادا کیا گیا۔ جس میں طلباء و طالبات نے نوحہ خوانی اور سینہ زنی کر کے بی بی سیّدہؑ کو ان کے لال کا پرسہ دیا۔ آخر میں اسکول کی انتظامیہ کی جانب سے طلباء و طالبات کے لیے نیاز مولا کا اہتمام کیا گیا تھا۔

### متفرق مجالس:

کچھ دیر فرض کیجئے فرشِ عزا نہ ہو — سارا جہاں حسین کا قاتل دکھائی دے

"جو کوئی ہمارے مصائب یاد کر کے روئے یا دوسروں کو رلائے تو اس کی آنکھ اس دن نہ روئے گی جس دن تمام آنکھیں روئیں گی۔" (امام رضاؑ۔ عیون الاخبار الرضا۔ شیخ صدوق ج ا ص ۲۹۴)

گرین آئی لینڈ اسکول کی روز اوّل سے یہ روش رہی ہے کہ تمام معصومینؑ کی شہادت پر مجلس عزا کا انعقاد کیا جائے۔ اسی سلسلے کو قائم رکھتے ہوئے شہادت امام سجادؑ، چہلم امام حسینؑ و شہدائے کربلا، شہادت امام حسنؑ، وفات رسول خدا ﷺ اور شہادت بی بی سکینہؑ کی مناسبت سے مجالس عزا تمام کیمپسز میں منعقد کی گئیں جس میں اسکول کے معزز اساتذہ (ذاکرین) نے خطاب کرتے ہوئے یہ پیغام دیا کہ ان ہستیوں کی سیرت طیبہ پر عمل کر کے ہی دنیا و آخرت کی فلاح حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان ہستیوں پر ڈھائے گئے مظالم اور ان ہستیوں کی مظلومیت کا تذکرہ کیا گیا۔ بعد از مجلس طلباء و طالبات نے نوحہ خوانی اور سینہ زنی کی۔

### شمع سے شمع جلے (مجالس عزا)

شمع سے شمع جلے سلسلہ جاری رہے — ہم رہیں یا نہ رہیں یہ عزاداری رہے

گرین آئی لینڈ اسکول کی انتظامیہ اور اساتذہ کرام کی بھرپور کاوشوں کے سبب اسکول کے طلباء و طالبات عشق اہلبیتؑ سے سرشار نظر آتے ہیں۔ جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جماعت دہم کے طلباء و طالبات نے اسکول میں مجالس عزا منعقد کیں اور ان مجالس کے انعقاد کے لئے رضا کارانہ طور پر چندہ مہم کے ذریعے میز بانی کے فرائض انجام دیئے۔ بوائز کیمپس میں مجلس سے جناب مولانا عامر رضا یعسوبی صاحب نے خطاب کیا اور جناب مختار فتح پوری صاحب نے مرثیہ و نوحہ خوانی کے فرائض انجام دیئے جبکہ گرلز کیمپس میں مجلس سے خطاب محترمہ شمع انجم صاحبہ نے کیا اور مرثیہ و نوحہ خوانی کے فرائض محترمہ ظل ہما صاحبہ نے انجام دیئے۔ مجالس میں کثیر تعداد میں مومنین و مومنات نے شرکت کی۔ بعد از مجلس طلباء و طالبات کی جانب سے نذر و نیاز کا اہتمام کیا گیا۔



# عیدِ زہرا سلام اللہ علیہا

ملے نہ تم کو کوئی غم، غم حسینؑ کے بعد
عید زہرا بھی مناؤ، غم حسینؑ کے بعد

۹ ربیع الاول کا دن اہلبیتؑ کے لیے باعث مسرت ہوتا ہے اور اسی مناسبت سے مومنین کرام کے لیے روز عید قرار دیا گیا ہے۔ گرین آئی لینڈ اسکول کے تمام کیمپسز میں عید زہراؑ کے اس پر مسرت موقع پر محفل میلاد کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام طلبہ و طالبات نے انتہائی جوش و خروش کے ساتھ بھرپور انداز میں حصہ لیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد ازاں شان اہلبیتؑ میں منقبت کے نذرانے پیش کیے گئے۔ اس بافضیلت دن کے حوالے سے طلبہ و طالبات کو اہم معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ جشن کے اختتام پر تقسیم کیے گئے پاپ کارن نے بچوں کے لطف کو دوبالا کر دیا۔






# جشن عید میلاد النبی ﷺ





۱۷ ربیع الاول کا دن دو صادقین یعنی سید المرسلین، خاتم النبین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور امام جعفر صادقؑ کی ولادتِ باسعادت کا دن ہے۔ اس پر مسرت موقع پر ہمارے اسکول گرین آئی لینڈ میں پُر رونق جشن کا اہتمام کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اور پھر طلبہ و طالبات نے خوبصورت کلام سے محفل میں چار چاند لگا دیئے۔ جشن کا اختتام دعائے سلامتی امام زمانہؑ سے کیا گیا۔ اس پر رونق اور بابرکت محفل نے ہمارے دلوں کو عشقِ محمد ﷺ و آل محمد ﷺ سے سرشار کر دیا۔ جشن کے اختتام پر نیاز تقسیم کی گئی۔

تحریر کردہ:

امتہ الزینب، کبیشہ فاطمہ، ہشتم (ج)





## ECD PICNIC

**Continued from Pg. 1**

.... for ECD students was arranged to Safari Park.

By this visit, children learnt that those toy animals which they play with, read about in books, and watch on television, exist in real. This reality is interesting for them. This visit helped kids to differentiate between animated and the real animals whom they love and it helped our children to understand their real behavior.

## ORANGE DAY

Learning about colors is an important part of every child's early education. As colors are everywhere in daily life, there are many opportunities and tools that can be used to teach children about them. At GIFS, colors are being introduced through various games and hands on activities. On 22nd December, 2017 Orange Day was celebrated to enhance the understanding further. Children were attired in orange and were involved in various activities throughout the week, like,

- Color mixing activity with hands,
- Making & eating orange jelly,
- Squeezing and drinking orange juice,
- Making orange with paper plate,
- Pasting orange seeds,
- Fun with orange balloon,
- Decorating the orange cup cake,
- Sorting of orange objects from the environment,
- Making of sash with orange card sheet,
- Photo clicking with flower prop etc.

Children enjoyed and learned a lot from these activities.















## CONVOCATION

**Continued from Pg. 1**

... achievement of our second passing out batch of Class X. These students were graced by an elegant convocation ceremony which was conducted on 10th of December, 2017 at Rangoonwala Hall.

The worthy moment for us was the excitement of our students with the shining green gown and graduation caps, worn by every member of passing out X class, as well as Trustees and VP of GIFS.

Golden sealed certificates were awarded to every student and all top achievers were awarded a specially designed WILAYAT HUSSAIN AVD Memorial Shield. WILAYAT HUSSAIN AVD, who laid the foundation of this school, will be alive in our heart for his prestigious services. His wholehearted efforts will always be remembered through this shield. As this shield was given to the A1 Graders of SSC Examination, it will be given every year, InshaAl.....

The degrees were awarded to all our graduates. AVD Memorial Shields and branded gifts were also presented to the A1 Graders by Agha Ghulam Raza Roohani, Agha Musa Raza Naqvi and Syeda Batool Fatima Rizvi, who warmly congratulated our graduates on their achievements. Soul-Stirring words were delivered from our topmost achievers Aiman Zehra at the Girls' event and Muhammad Muslim at the Boys' event.

GIFS wishes its passing out batch the best of luck for their future, and as stated by Agha Roohani our doors will always be opened for them.






# 12th ANNUAL PROGRAM

As per the tradition of GIFS, 12th Annual Function & 2nd Convocation ceremony was held on 10th December, 2017 as the birthday celebration of Prophet Muhammad Mustafa (s.a.w.w.) & Imam Ja'far-e-Sadiq (a.s.).

The salient features of GIFS annual program are:

1. **Punctuality: "The time is always right to do what is right",** thus punctuality is the key element of GIFS. All our programs started on the time given in the invitation card for last 12 years. So, this year also the girls program started at 9:45 a.m. sharp & boys program started at 3:00 p.m. sharp & finished also within the given time and respectively. Mash Al...!
2. **Participation of every student:** It's a record of 12 consecutive annual programs that every student of school gets a chance to come on stage and perform. Following the same, all 647 students of all three campuses were given certain characters and responsibilities to come on stage & present with confidence.
3. **Every section of all the 3 campuses have their own slots:** The unique feature of GIFS annual function is that every section, from ECD I till Class X of boys & girls, mutually decide their skits, dramas, presentations & perform together, so every year at least that many items are displayed on stage as many sections are there.

So, this year:

Masha Al...! more than 30 items were presented on the stage of Rangoon Wala Hall on that beautiful Sunday. A glimpse of each item is given.





ECD IV "A"
TILAWAT



ECD II "A & B"
Dua e Imam e Zamana AS



ECD I "A"
Action Poem
Expressing Emotions



ECD II "A"
Profession Poem
Awareness & GK



ECD II "B"
Colors Poem
Development of Aesthetic Sense



ECD III "A & B"
Poem Mache-up
Value Based Learning



ECD IV "A"
Number Skit
Mathematical Skills



ECD V "A"
Welcome Poem
Development of Courtesy & Humbleness



ECD V "A"
Manqabat
Connection to Imam ATFS



ECD IV “C”
TILAWAT



ECD II “C”
Dua e Imam e Zamana AS



ECD I “C”
Hamd
Showing Gratitude towards All...



ECD II “C”
Poem Thank You All...
Awareness of All...'s Blessings



ECD III “C”
Poem Mache-up
Value Based Learning




ECD IV “C & D”
Poem Fruits. Development
of Healthy Eating Habits







ECD V “C”
Welcome Poem : Courtesy & Humbleness
Manqabat : Connection to Imam atfs



Class III “C”
National Song (Tableau)
Patriotism



Class III “D”
Hum Kia Karain
Our Responsibility




Class IV “C”
Daughters
Relationship



Class V “C”
Masoomana Classroom
Development of Critical Thinking



Class VI “C”
Main Teray Qurban (Naat)
Love to Holy Prophet saww



Class VI “D”
Time Management (Drama)
Using Time Wisely



Class VII “C”
Impact of Good Behaviour
Values



Class VII “D”
Log Kia Sochengay
Being Practical



Class VIII “C”
Urdu Day
Importance of Urdu



Class III"A"
Muntazir e Imam atfs (Skit)
Connection to Imam atfs



Class III "B"
National Song (Tableau)
Patriotism



Class IV "A"
Bismil... (Poem)
Learning Etiquettes



Class IV "B"
Environment Protection
Civic Sense



Class V "A"
We Feel All..
Firmness on Tauheed



Class VI "A"
Pasban e Pakistan
Tribute to Pak Army



Class VII "A"
Log Kia Sochengay
Being Practical



Class VIII "A"
No. 12 (Skit)
Linguistic Development



Class IX "A"
Buzurg University
Respecting Elders














## DEDICATED TO 12TH IMAM ATFS

(Continued from Pg. 1)

.... the connection of 12th to 12th Imam. It was well planned and presented through "Invitation card", "welcome presentation", manqabats and different performances.

This connection thrilled every member of the GIFS family. Spirituality and enthusiasm was felt in environment and performances.

**Annual Function Awards**

Appreciations and acknowledgements boost up the performances. Keeping this in view, GIFS has a tradition to grace (a) Attendance awards. (b) Special Category Achievement Awards in every Annual Function.

**(a)** Attendance Awards: School attendance is a simple, easy and measurable tool for students' performance. In fact, research has also shown that a child's attendance record may be the biggest factor influencing his/her academic success. To promote good attendance, GIFS always appreciates full attendance for ECD I ECD IV students, by awarding them shields in every Annual program. This year 37 students were awarded full attendance shields from ECD I ECD IV. Besides this, GIFS also appreciates students from ECD V onwards on consecutive 5 years full attendance by giving them certificates. This time 4 students received 5 year attendance certificate. On the other hand, to appreciate teachers' dedication, certificate and souvenir has also been given to those teachers who remained present for 12 consecutive months, 6 teachers received full attendance certificates and souvenir this year.

**(b)** Special Category Achievement Awards: These categories and nominations have been selected through a well-set procedure which includes:

1. Issuance of special circular to Parents.
2. Receiving of recommendations with proof.
3. Scrutiny by specially designed board.
4. Approval by Trustees.

In 12th Annual Function 82 students were awarded in multiple categories. 4 staff members received 5 year service award and 5 gram gold bars.

## Autobiography of a Horse

Hello friends! I'm a horse. My name is Jack. I'm very friendly and innocent. I'm an expensive of all animals and kept by rich people only. I'm usually used for riding and sometimes loaded with heavy stuff too.
I'm six months old. My master has sold me to a washer man. The washer man is not a good master. He keeps me in the compound of his house and ties my neck with a rope. It hurts badly but he does not care. He loads unbearable load on my cart every day and ask me to move fast. If I walk slowly, he hits me with a belt. It hurts me even more. He does not feed me well. I have now become weak and sad. I always think why humans do not realize our pain. If you see someone hitting another poor horse like me, please tell him it hurts us just like you.
Rija Fatima Class VI - C

## My Most Memorable Trip

This winter, we went to Larkana. One day, we decided to go to Moen-jo-daro. We left Larkana early in the morning. Moen-jo-daro is at the drive of 45 mins from Larkana. On the gate, we paid for the ticket and entered the place. There was a big museum before Moen-jo-daro. In the museum, there were souvenirs of Soan valley, Harappa and Moen-jo-daro civilization. There were coins, women's jewellery, toys, tools, pots and vessels. Some replicas of their houses were also there. I was attracted by toys because they were clay toys and were finely made by clay. We don't find such toys in modern times. Then we went to the remains of the city. It had completely covered sewerage system. The pool was just like modern pools but bigger and deeper. It is said that only queens and their maids could go there. There was a majestic Stupa above the city. We also saw masons working on the site because water logging and salinity are great threat to these ancient remains. No one knows how this great civilization came to its end but surely the remains prove that it had been one of the most cultured civilizations.
M.Raza Class: IV-B

## How to Enjoy Your Studies

STUDY! STUDY! STUDY!
Aren't we tired of hearing this word? I am sure that 99 percent of the students will say "Yes" and the reason is that it is always on the tip of the tongue of our parents and teachers especially when tests or exams are just round the corner..
We all think that studies are boring and instead of studying why couldn't we watch television, play games or use smart phones.Therefore, here are some ways to make studies fun and easy.

1. Turn your studies into a game to make them more fun.
For example, if you are having difficulty in learning the years in history, you can link them to cricket scores and learn them easily.
2. Make small goals for yourself and tell yourself that if you achieve one, you will get a reward. You can watch T.V or play games or you may have some sweet treat like chocolate.
3. Be creative when you are learning. Research says that our brain retains information faster when it is in pictorial form so draw whatever you are learning. If you are studying science, learn a method by following its diagram.
4. Use Google or internet to find more interesting things about the topic to make it easier and interesting to learn.

I hope that after following these tips, you will find studies more fun and score good marks in your exams.
GOOD LUCK!
Rida Fatima Class: IX-C

## Winter Vacation

Spending time with the family is the best time. It's the time when we sit together and share our experiences. As the winter season comes, markets are full of delicious items like vegetables, oranges and the best thing; the peanuts. In this winter vacation, I spent "peanut time" with my family. One night, we were playing ludo and I brought peanuts from down stairs. We enjoyed peanuts and shared some benefits of peanuts. Peanuts give warmth to our body. It is also a high calorie snack.
Zohaib Hassan Class: VI-A





## Love and Care

In my point of view, I would like to share,
The best things in the world are love and care.
It all belongs to Allah, He gives as we deserve,
He remains with us, He is always fair.
Love cannot be showcased, it cannot be purchased,
But if we give it to others, we find it there.
It blooms in flowers, it giggles in friends,
When mom hugs me, I feel it clear.
"The best things in the world are Love and Care."
Syed Muhammad Mesum Rizvi Class: VII-A

## To My Dear Pencil

I miss you really very much,
While writing in copy after lunch.
I remember when I was in class five,
I used you and class six was about to arrive.
Once I asked my teacher, making a fuss,
"Please, let us use the pen just once."
She didn't, and spoke with her English skills,
"Once go to class six, you'll miss your pencils."
And she was true like always,
I miss you while writing a story or a phrase!
Aamnah Batool Class: VI-C

## "Happy Moments in School"

When I joined the school, I was 14 and very nervous. I cleared the test and then I made friends in my class. It is very difficult to go in the board class. When I was new at school, I faced many problems but afterwards, I managed it. Every teacher helped me in the preparation of grade IX and I am very thankful to all teachers. My sports teacher selected me in the school football team and I scored goal against (CAA) team in the Board of Secondary Education, Karachi tournament. We won that match. In S.S.C part 1, I achieved highest percentage in school. In matric class, our school took us at Commecs College for fun and entertainment. I enjoyed a lot with my friends in Green Island Foundation School. I will remember the school (GIFS) from depth of my heart.
Thank You!
Name: Ali Jawwad Class: X-A

## "Happy Moments in School"

My name is M.Ali and my G.R. # is '2'. I am with GIFS since its very first day. With the passage of time, I kept on learning, growing with my school and got a number of chances to improve my confidence. For example, coming on stage every year in annual function, participation in spelling bee and qualifying for 2nd round. Participation in Inter-School Football match organized by Karachi Board. As I am in Class X, this is my last year with my school but it will always remain in my heart and I love it very much.
Name: Muhammad Ali Class: X-A

## "Happy Moments in School"

When I joined school, I was nervous. I thought that I would hardly adjust with my new school and new friends, but all the staff of school and my friends were very helpful. They supported me to achieve good grades. They also gave me a chance to participate in BSEK football tournament as a team captain and supported me with heart and soul. So, I proved my worth and we won a couple of matches. I am happy that my two and half years in this school are golden moments of my life. I thank my school for providing me number of chances to prove myself as a good person.
Name : Muhammad Zohair Class: X-A

## "Happy Moments in School"

I am Ali Asghar, I joined Green Island Foundation School in 2008. My school helped me to up-lift my confidence level. Now I'm sure that I can face any hardship and any challenge in life. I want to thank my teachers for supporting me well throughout the ten years. Now it's time to end of school life and move towards the next stage of life. I got many chances to participate in different types of competitions and to perform on stage.
Name: Ali Asghar Class: X-A

## سفرِ عشق

سفرِ عشق شاید یہ وہ واحد سفر ہوگا جو انسان کو سمجھوتہ کرنا سکھاتا ہے۔ ہاں سفرِ عشق یعنی کربلا کا سفر۔ یوں تو پورا سال ہی یہ سرزمین جنت لگتی ہے مگر چہلم امام حسین علیہ السلام کے موقع پر یہ جنت اور بھی حسین لگتی ہے۔ لاکھوں کا ہجوم، جہاں دیکھو سر ہی سر، عشقِ حسین علیہ السلام میں سرشار کہیں گریہ و ماتم تو کہیں نوحہ و مرثیہ۔ اب تک تو یہ سب سنا ہی تھا اس سال خود دیکھ بھی لیا۔ اس سال میں نہ صرف چہلم پر کربلا گئی بلکہ زائرین امام حسین علیہ السلام کی خدمت کی سعادت بھی حاصل کی۔ یہ میرا اپنی امی کے بغیر پہلا سفر تھا جو میں نے ایک میڈیکل کیمپ کے ساتھ کیا۔ دورانِ سفر امی کی یاد میں کئی بار آنکھیں بھر آتی تھیں مگر جیسے ہی سرزمین کربلا پر قدم رکھا تو سب کچھ بھلا کر زیارات میں مصروف ہوگئی۔ ۱۱ صفر سے ۱۸ صفر تک کیمپ میں مصروف رہے۔ اس کیمپ کے بعد ہمیں مشی کا موقع ملا۔ مشی ختم کر کے الحرمین کے جلوس میں شرکت کی۔ اس سفر میں ہمیں تھوڑی تکلیف ہوئی لیکن اگر تکلیف نہ ملے تو سفرِ کربلا کیسا۔ میرا کہنا ہے کہ انسان کو زندگی میں ایک بار نہ صرف سفرِ کربلا کرنا چاہیئے بلکہ موقع ملنے پر زائرین کی خدمت کی سعادت بھی حاصل کرنی چاہیئے۔ میری دعا ہے کہ ''پروردگار مجھے ہر سال زائرین امام کی خدمت کرنے کی سعادت نصیب فرمائے''۔ (آمین)

زہرا محمد تقی، جماعت۔ نہم (ج)

## میں زمین ہوں

میں زمین ہوں۔ مجھے بھی آپ سب کی طرح اللہ نے بنایا ہے۔ میرے اوپر سمندر، پہاڑ، وادیاں، جنگل اور بہت سی خوبصورت چیزیں ہیں۔ آپ لوگ میرے اوپر چلتے ہیں، گھر بناتے ہیں مجھ پر درخت لگاتے ہیں اور میرے کھیتوں سے اناج لیتے ہیں۔ میں تو آپ کے اتنا کام آتی ہوں لیکن آپ لوگ میرا خیال نہیں کرتے۔ مجھ پر کوڑا پھینکتے ہیں مجھے گندا رکھتے ہیں اس سے مجھے تکلیف ہوتی ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ مجھے صاف رکھا کریں تاکہ میں بھی خوش رہوں اور آپ بھی بیماری سے محفوظ رہیں۔

رباب فاطمہ، جماعت: پنجم (ج)

## مسکراتی کرنیں

۱۔ باپ نے پوچھا: بتاؤ مکّھی اور مچّھر میں کیا فرق ہے؟
بیٹا بولا: دونوں ڈاکٹری کرتے ہیں۔ باپ نے کہا: وہ کیسے؟
بیٹا بولا: مکّھی معائنہ کرتی ہے اور مچّھر ٹیکا لگاتا ہے۔

۲۔ ایک شخص نے دوسرے سے کہا: ''تم کون ہو؟''
دوسرے شخص نے کہا: ''میں وہ ہوں جس سے تمام لوگ معافی مانگتے ہیں۔''
اُس شخص نے پوچھا۔ ''کیسے؟''
دوسرے شخص نے کہا: ''میں فقیر ہوں۔''

سکینہ نقوی، جماعت: ششم (ج)

## نیک دوست

علی ایک بہت ہی ذہین اور بہادر لڑکا تھا۔ ہر ایک کے کام آنا اور لوگوں کی مدد کرنا اسے بہت پسند تھا۔ علی کی ان باتوں کی وجہ سے ہی اس کے گھر، محلے اور خاندان میں سب اسے عزیز رکھتے تھے۔ یوں تو علی کے کئی دوست تھے مگر وجاہت سے تو پکی دوستی تھی۔ ایک دن علی کے والد نے پوچھا کہ آپ کی وجاہت سے گہری دوستی ہے اس کی خاص وجہ کیا ہے؟ علی نے جواب دیا ''ویسے تو وجاہت میں بہت سی خوبیاں ہیں مگر ایک خاص بات رحم دلی ہے۔ میں ایک واقعہ سناتا ہوں ایک دفعہ ہم دونوں اسکول جا رہے تھے ہمیں دیر ہوگئی تھی اس لئے جلدی میں تھے۔ تب ہی ہم نے ایک نابینا بزرگ کو دیکھا جو سڑک پار کرنے کے لئے کھڑے تھے مجھ سے پہلے ہی وجاہت نے آگے بڑھ کر ان کا ہاتھ تھاما اور سڑک پار کرنے میں ان کی مدد کی۔ تب سے میرے دل میں وجاہت کی عزت اور بڑھ گئی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ہماری دوستی سدا قائم رہے''۔ علی کے والد یہ سن کر مسکرائے اور کہا کہ اچھے اور نیک دوستوں کی قدر کرنی چاہیئے۔

علیشہ فاطمہ جماعت: ششم (ج)

## لالچ بری بلا ہے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں ایک لکڑہارا رہتا تھا۔ اس کے والدین کا انتقال اس کے بچپن میں ہو گیا تھا اور اُسے اُس کے چچا نے پالا تھا۔ چچا اور چچی بہت سخت دل تھے اور اُس پر بہت ظلم کرتے تھے۔ وہ صبح سویرے اٹھتا اور لکڑیاں کاٹنے چلا جاتا۔ ایک دن اسے لکڑیاں کاٹتے کاٹتے رات ہوگئی تو اُس نے رات جنگل میں ہی بسر کرنے کا فیصلہ کیا۔ اگلے دن جب وہ گھر واپس جا رہا تھا تو اُسے ایک درخت کے قریب ایک تھیلی پڑی دکھائی دی۔ وہ قریب گیا تو دیکھا کہ تھیلی کے گرد ایک کاغذ لپٹا ہے جس پر لکھا تھا ''یہ میری امانت ہے اسے جو چُرانے کی کوشش کرے گا وہ موت کے منہ میں جائے گا'' یہ لکڑہارا بہت ہی سچا اور ایماندار تھا اس نے وہ تھیلی وہیں چھوڑ دی اور گھر کی طرف چل دیا۔ گھر جا کر اس نے یہ سارا واقعہ چچا، چچی کو سنایا تو وہ غصہ ہوئے اور خود تھیلی لینے جانے لگے۔ لکڑہارے نے منع کرنے کی کوشش کی مگر وہ لوگ نہ مانے۔ جنگل میں جا کر انہوں نے تھیلی کی تلاش شروع کردی۔ تھوڑی ہی دیر میں انہیں تھیلی نظر آگئی۔ انہوں نے بھی وہ کاغذ پڑھا مگر لالچ میں آکر جیسے ہی تھیلی اٹھا کر کھولنے کی کوشش کی تو اس درخت کے نیچے سے ایک اژدہا نکلا اور ان دونوں کو ہلاک کردیا۔ اس طرح لالچ کی وجہ سے انہیں اپنی جان سے ہاتھ دھونے پڑے۔ سچ ہے کہ ''لالچ بری بلا ہے''۔

سیدہ وجیہہ بتول جعفری جماعت: ششم (د)

جوابات: بوجھو تو جانیں (سایہ ، چیونٹی)





## صفائی رکھو تندرست رہو!

لالی ایک بلّی تھی۔ وہ بہت بھوکی تھی۔ لالی کو کھانا اس لیے نہیں مل رہا تھا کہ جس محلّے میں لالی رہتی تھی انھوں نے صفائی کا خاص خیال رکھنا شروع کردیا تھا۔ لالی کھانے کی تلاش میں دوسرے محلّے گئی۔ وہاں اُسے ایک چوہا نظر آیا۔ لالی فوراً چوہا کھانے لگی۔ ارے! یہ کیا؟ چوہا تو دو دن کا مرا ہوا تھا۔ اب لالی کے پیٹ میں درد شروع ہوگیا۔ وہ فوراً جانوروں کے ہسپتال کی طرف بھاگی۔

ڈاکٹر آصف نے اس کا علاج کیا۔ لالی بہت پیاری بھوری آنکھوں والی خوبصورت بلّی تھی۔ ڈاکٹر لالی کو اپنے گھر لے گئے اور لالی کو نہلایا پھر ڈاکٹر نے اُسے صاف کھانا دیا۔ لالی اگلے روز ہی صفائی اور صاف کھانے کی وجہ سے تندرست ہوگئی۔ اب لالی ہر وقت صاف رہتی! اسی وجہ سے ڈاکٹر کے گھر والے اسے بہت پسند کرتے اور اسے اپنے ہی گھر میں ساتھ رکھتے تھے۔

پیارے بچّوں آپ بھی صفائی کا خاص خیال رکھیں تاکہ سب آپ کو پسند کریں۔

علی حمزہ جماعت: پنجم (الف)

## علم ایک عظیم دولت ہے

علم ایک عظیم دولت وقوّت ہے۔ علم کے ذریعے ہمیں مادی دولت ہی نہیں، روحانی سکون بھی ملتا ہے۔ ہمارے مذہب میں علم حاصل کرنا ہر شخص پر فرض ہے۔ یہ ایک ایسی دولت ہے جسے کوئی بھی چرا نہیں سکتا۔ علم کے بغیر کبھی انسان اپنی ذات کو بھی نہیں پہچان سکتا اور یوں ساری زندگی اپنے مقصدِ حیات سے بے خبر رہتا ہے۔ علم حاصل کر کے انسان اپنے معاشرے اور قوم کی بہتری کا سبب بن سکتا ہے اور ایک عظیم انسان علم ہی کی وجہ سے عظیم بنتا ہے۔

اِنسیہ فاطمہ درجہ: ہفتم (د)

## ''آج بھی مجھے یاد ہے''۔۔۔۔۔

یہ اس وقت کا ذکر ہے جب میں چار سال کا تھا۔ میرے بابا نے بتایا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہم کربلا کی زیارت کو جائیں۔ مولاؑ نے میرے بابا کی دُعا قبول کی اور ہم کربلا چلے گئے۔ پھر نجف سے کربلا پیدل سفر کے لئے نکلے، ہمارے پاس عراقی کرنسی نہیں تھی جس کی وجہ سے بابا کچھ خرید نہیں سکتے تھے چونکہ میں بہت چھوٹا تھا میں بات بات پر چیزوں کی ضد کرتا تھا۔ اسی طرح جب میں نے پیدل سفر پر گڑیا کے بال والا دیکھا تو میں نے ضد کی مجھے گڑیا کے بال چاہیئے ہی چاہئیں۔ امّی نے میرے اصرار پر دکان دار سے پوچھا تو دکاندار نے بتایا کہ یہ ہزار دینار کے ہیں۔ ہمارے پاس عراقی پیسے نہیں تھے ہم چل دیئے ہم چلتے چلتے بہت دور نکل گئے اچانک وہی شخص میرے ہاتھوں میں گڑیا کے بال دے گیا۔ اور میں حیران کھڑا اُسے دیکھتا رہا۔ یہ واقعہ آج بھی میرے ذہن میں تازہ ہے!

محمد مسلم جماعت: سوئم (ب)

## میرا خاندان

میرا نام موسٰی ہے میرے گھر میں چار افراد ہیں ان میں امّی، ابّو، بھائی اور میں رہتا ہوں۔ میرے امّی اور ابّو مجھے پیار کرتے ہیں۔ میری امّی اسکول میں پڑھاتی ہیں۔ میرے بھائی اور میرے لیے اچھے کھانے بناتی ہیں۔ میری امّی بہت اچھی ہیں۔ میرے ابّو دفتر جاتے ہیں اور میرے لیے اچھے اچھے کھلونے لاتے ہیں۔ میرے ابّو مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔ میرے بھائی کا نام شجاع ہے۔ وہ مجھ سے چھوٹا ہے۔ ہم دونوں ایک ہی اسکول میں پڑھتے ہیں وہ میرے ساتھ کھیلتا ہے میں اس کے کام میں اس کی مدد کرتا ہوں۔ میں اپنے بھائی سے بہت پیار کرتا ہوں۔ میرے خاندان میں سب ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں اور محبت سے رہتے ہیں۔

موسٰی عباس جماعت: ای۔ سی۔ ڈی پنجم

## سُستی کا انجام!

کاشف کے امتحان شروع ہو چکے تھے۔ وہ آٹھویں جماعت میں پڑھتا تھا اور ہر سال بڑے اچھے نمبروں سے پاس ہوتا۔ کاشف کی یہ عادت بڑی اچھی تھی کہ وہ رات کو سونے سے پہلے اپنے اسکول کا بیگ اور یونیفارم وغیرہ مکمل طور پر تیار کر کے رکھتا تھا۔ اس طرح اسے صبح اسکول جاتے ہوئے تمام چیزیں تیار ملتیں اور وہ مزے سے اسکول روانہ ہوجاتا۔

ایک رات کاشف نے بہت سُستی کا مظاہرہ کیا۔ ہوا یہ کہ صبح اس کا انگریزی کا پرچہ تھا اور رات کو اس نے اپنا یونیفارم استری نہیں کیا تھا، جب کاشف صبح سو کر اُٹھا تو معلوم ہوا کہ بجلی گئی ہوئی ہے۔ اب تو کاشف کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے کیونکہ اس کا اسکول جانا بھی ضروری تھا مگر یونیفارم۔۔۔۔

کاشف اس بات پر افسوس کرنے لگا کہ اس نے رات سُستی کا مظاہرہ کیوں کیا، اگر وہ رات اپنا یونیفارم ہمیشہ کی طرح استری کر کے رکھتا تو اب اسے مشکل نہ ہوتی۔

کاشف اپنی اس کوتاہی اور سُستی پر دل ہی دل میں شرمندہ ہو رہا تھا۔ پھر اس نے بغیر استری کئے ہی اپنا یونیفارم پہنا اور اسکول روانہ ہوگیا مگر اس عزم کے ساتھ کہ اب وہ آئندہ کبھی بھی کسی کام میں سُستی نہیں کرے گا اور اسکول سے متعلق تمام کام رات ہی کو مکمل کرلے گا تاکہ صبح وقت پر اسکول پہنچ سکے۔

کبیشہ، جماعت: ہشتم (ج)

## بوجھو تو جانیں

۱۔ پیچھے پیچھے سب کے جائے
جدھر اُجالا اُدھر نہ جائے

۲۔ تیز بھاگے مگر ہرن نہیں
کالا ہے پر کوّا نہیں

ہانیہ بتول جماعت ششم (ج)، ماہین جماعت ہفتم (ج)

# Student's Art Corner

**Origami Work**



by Class IV Girls

**Frame Work**




by Class VII Girls

**Vase Decoration**



by Class VIII Girls

**Sketching**



by Secondary Boys





## INTER SCHOOL SPORTS TOURNAMENT

**1. FOOTBALL:**

Inter-Board Football Tournament was organized by the Board of Secondary Education Karachi, in the month of Nov'17. More than 18 teams of government and private schools including our Green Island Foundation School team participated in the tournament. It was held at Happy Dale School Football Ground at Nazimabad. Our GIFS team won 2 matches and managed to qualify for the quarter finals.

**2. TABLE TENNIS:**

Inter-Board Table Tennis Tournament was also organized by the Board of Secondary Education Karachi, in the same month at Sindh Sports Complex, Nazimabad. Our Table Tennis team, Raza Abbas Lilani (captain), Shayan Abbas and M.Jawad Qazi, participated in the tournament. GIFS table tennis team remained unbeaten throughout the tournament and became the champion by winning the finals. The winners were acknowledged by Special Achievement Certificates in the 12$^{th}$ Annual Program by Agha Roohani.

## SPELLING BEE





Green Island Foundation School, not only strives to provide good education to its students but also encourages them to take part in healthy competitions like "Spelling Bee", in which students of over 800 schools participate. In 2017, it was held from 6$^{th}$ October to 13$^{th}$ October.

It is the most prestigious contest related to vocabulary and helps the participating students to learn and have command on relatively less familiar English Language words. It also develops an interest and motivates them to learn new words. Ultimately, they become more confident in writing and speaking the English Language.

**Representation of GIFS**

School is a strong forum to provide the grooming of inborn talents. GIFS helps and supports the students to participate in different competitions to enhance their skills.

In last few months our students participated in several competitions. The details are as follows:

**I. Event:** Silver Jubilee Jashan-e-Milad-un-Nabi (s.a.w.w.) and Ittehad-e-Bainul Muslimeen 1439/2017
Organized by: Mehfil-e-Murtaza
Date: Sunday 3rd Dec, 2017
**Category 1:** Inter-School Speech Competition
Topic: Ajar-e-Risalat "Mohabbat-e-Ahlebait"
Participant: Muhammad Murtaza Roohani (VI-A)
Achievement: 1st Position.
**Category 2:** Drawing Competition
Topic: Masjid-e-Nabawi (s.a.w.w.)
Participants: Jahanzaib Ali (IV-A) , Mehdi Hussain (V-A)
Achievement: 3rd Position.
**Category 3:** Quiz Competition
Topic: Nuqoosh-e-Ismat Chapters of Rasool Allah (s.a.w.w.) and Imam Jafer-e-Sadiq (a.s.)
Participants: Hassan Raza Hemani (VII-A) , Hadi Abbas (VIII-A)
Achievement: 4th Position.

**II. Event:** Inter School Naat and Speech competition on Jashan-e-Milad-un-Nabi (s.a.w.w.)
Organized by: Ghulaman-e-Abbas School
Date: 12th Dec, 2017
Participants: Syed Shuja Abbas Zaidi (IX-A) , Muhammad Sajjad (X-A)
Achievement: 3rd Position in Naat Khuwani.

**III. Event:** Student week 2017-2018 (Inter-School Competitions)
Organized by: Board of Secondary Education Karachi
Date: 16th Oct 20th Oct, 2017
**Category 1:** Husn-e-Qira't Competition
Topic: Surah At-Tin
Participant: Muhammad Zohair (X-A)
**Category 2:** Speech Competition (Urdu)
Topic: Mita Day Apni Hasti Ko Agar Kuch Martaba Chahay
Participant: Shayan Abbas (IX-A)
**Category 3:** Speech Competition (English)
Topic: "Success is the maximum utilization of the ability that you have"
Participant: Wasea Reza (IX-C)
**Category 4:** Milli Naghma (Solo) without music
Participant: Syed Shuja Abbas Zaidi (IX-A)

Speech Competition



M. Murtaza
1st Position

Winners



Hadi Abbas, M. Murtaza, Hasan Raza, Jahanzaib Ali

Naat Competition



S. Shuja Abbas Zaidi
3rd Position